اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال میں پہلے سالانہ فری میڈیکل و آئی کیمپ کا انعقاد

جامعہ علوم اُثریہ کے زیرِانتظام مورخہ 25 اکتوبر بروز بدھ اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال COD کالا روڈ بھٹیال جہلم میں ایک روزہ فری میڈیکل و آئی کیمپ منعقد ہوا صبح 9 بجے افتتاحی تقریب میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے کیمپ کی اہمیت کو اجاگر کیا کرنل طارق عثمان نے کیمپ کی افادیت پر روشنی ڈالی اور جامعہ علوم اُثریہ کے مہتمم حافظ عبدالحمید عامر نائب اُمیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے اپنے بیان میں کہا کہ جامعہ علوم اُثریہ نے عوام الناس کی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبے شروع کر رکھے ہیں جس میں سالانہ فری کیمپ کا انعقاد کرنا اور اب یہاں اُثریہ ٹرسٹ ہسپتال بھٹیال میں اس کیمپ کا انعقاد انسانیت کی خدمت میں بہت بڑا اقدم ہے۔ افتتاحی تقریب میں حافظ عمر عبدالحمید، راجہ انار گل ایڈووکیٹ، ارشد محمود زرگر، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، محمد ارشد سیٹھی، سیٹھی شکیل احمد، عامر نثار، خواجہ امتنان، عامر ایوبی، باؤ عبدالاحد، محمد افضل، ڈاکٹر فرید اللہ، حافظ عبدالصبور اور عبدالقدوس موجود تھے۔ اس کیمپ میں 700 مریضوں کا چیک اپ کیا گیا اور 40 مریضوں کو آپریشن کے لیے منتخب کر لیا گیا اور 150 مریضوں کو شفا آئی ٹرسٹ ریفر کر دیا گیا۔ شفا آئی ٹرسٹ ہسپتال راولپنڈی کے عالمی شہرت یافتہ ماہر ترین ڈاکٹرز نے آنکھوں کا معائنہ کیا، مریضوں کو ادویات اور عینکیں مفت مہیا کی گئیں اور آپریشن کیلئے منتخب ہونے والے مریضوں کا آپریشن شفا آئی ٹرسٹ ہسپتال راولپنڈی میں کیا گیا نیز آپریشن والے مریضوں کو IOL لینز مفت لگائے گئے۔

جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کو صدمہ

ان کے سسر محترم محمد یحیٰی خان کا بلتستان میں انتقال پُر ملال

مورخہ 29 اکتوبر بروز اتوار جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کے سسر محمد یحیٰی خان بلتستان میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ، تلاوت قرآن کے پابند اور شب زندہ دار انسان تھے۔ مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ جامعہ میں مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

مولانا عبدالرشید (جاتلاں) کو صدمہ

مورخہ 5 جنوری بروز جمعہ مولانا عبدالرشید امام وخطیب جامع مسجد اہل حدیث جاتلاں میر پور آزاد کشمیر کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور شب زندہ دار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا عبدالرشید نے خود پڑھائی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور بعد میں مولانا سے اظہار تعزیت کیا اور مرحومہ کی بلندی درجات کیلئے دعا کی۔